سوال

(501)پیچھے لقمہ دینے والا کوئی حافظ موجود نہ ہو تو؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

حافظ قرآن کو جو تراویح میں قرآن شریف ختم کرتے ہیں۔ گویا انجن جوڑ دیتے ہیں۔ انجن بھی اس رفتار پر کہ اخیر کے درجے پر چلاتے ہیں۔ پیچھے لقمہ دینے والا کوئی حافظ موجود نہ ہو تو ایسی حالت میں نماز ہوسکتی ہے یا نہیں؟ (سائل مذکور)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

قرآن مجید کو باآہستگی سے پڑھنا چاہیے۔

وَرَتِّلِ الْقُرْآنَ تَرْتِيلًا ﴿٤﴾ سورة المزمل جو لوگ اتنا جلدی پڑھتے ہیں۔ ان کے پیچھے نماز پڑھنی ایک رسمی چیز ہے اصل نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد01ص653

محدث فتویٰ